وزارة الصحـــــة العامـــــة
Ministry of Public Health
State of Qatar • دولـــة قطـــر

صحتك. حقك
Your Health, Your Right

# مریض کا حقوق و فرائض نامہ

## حقوق

مریضوں کو علم ہونا چاہیئے کہ ان کے حقوق کی ضمانت نہ صرف اس وقت دی جاتی ہے جب وہ صحت کی دیکھ بھال کی خدمات وصول کر رہے ہوں، بلکہ یہ خدمت وصول کرنے سے قبل اور بعد میں بھی ان کے حقوق کا احاطہ کرتا ہے۔

### 1. با اخلاق دیکھ بھال

I. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ عمر، جنس، مذہب یا ثقافت سے قطع نظر ان کے ساتھ وقار اور احترام سے پیش آیا جائے

II. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ وہ موزوں توجہ، قابلیت اور بغیر کسی غیر ضروری تاخیر کے صحت کی دیکھ بھال کی خدمات اور علاج وصول کریں۔

III. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ وہ صحت کے معالجین اور دیکھ بھال کرنے والوں کی جانب سے ضروری .جسمانی، اخلاقی اور رویہ جاتی معاونت حاصل کریں۔

### 2. سلامتی

I. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ وہ لائسنس یافتہ اداروں سے اور ایسے معالجین سے علاج کروائیں جو ریاستِ قطر میں طب کا پیشہ اختیار کرنے کے لیے لائسنس یافتہ ہوں۔

II. مریضوں کا حق حاصل ہے کہ وہ ایک محفوظ اور اعلیٰ معیار کی دیکھ بھال کی توقع رکھیں۔

III. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ وہ ایک ایسے صحت مند، محفوظ و مامون ماحول میں دیکھ بھال وصول کریں جو قطری قوانین کے مطابق بنیادی طہارت، مطلوبہ محفوظ آلات، محفوظ جراثیم کشی اور دھوئیں سے پاک ماحول کو برقرار رکھتا ہو۔

IV. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ انہیں ایسی دیکھ بھال ملے جو غیر اخلاقی رویئے، بدسلوکی یا غفلت سے پاک ہو۔

V. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ جب طبی طور پر یہ مطلوب ہو یا جب طبی طور پر ممکن ہو تو مریض کے درخواست کرنے پر انہیں کسی اور ادارے کے پاس بھجوا دیا جائے اور/یا منتقل کر دیا جائے۔

### 3. معلومات

I. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ انہیں اپنا معائنہ کرنے والے معالج، دیگر تمام معالجین کے نام اور عہدوں کا علم ہو، اور ان کی دیکھ بھال میں براہِ راست حصہ لینے والے محکمۂ صحت کے دیگر افراد کے کاموں کا پتہ ہو۔

II. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ انہیں ان کی بیماری کی تشخیص اور علاج کے انتخابات، مضر اثرات، پیچیدگیوں اور کسی بھی ناپسندیدہ اثرات کے متعلق جامع، مکمل، اور سمجھنے میں آسان معلومات فراہم ہوں اورحسبِ ضرورت ایک ترجمان فراہم کیا جا سکتا ہے۔ (ماسوائے اس وقت کے جب ایسا کرنا طبی طور پر خلافِ مصلحت ہو، اُس صورت میں معلومات، مریض کے سرپرست یا نابالغ ہونے کی صورت میں والدین کو یا قانونی طور پر مجاز فرد کو دی جانی چاہیئے)۔

III. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ انہیں علاج کرنے والے ادارے پر دستیاب خدمات کے لیے اخراجات اور ادائیگی کرنے کے دستیاب طریقوں کے متعلق آگاہ کیا جائے اور علاج کے انتخابات کے فوری اور طویل مدتی مالی مضمرات سے آگاہ کیا جائے۔

IV. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی طبی رپورٹوں بشمول ایکسرے، تشخیصی رپورٹیں اور ہسپتال سے اخراج کی رپورٹیں/خلاصے کی ادارے کی اندرونی پالیسی کے مطابق درخواست کریں (ماسوائے اس وقت کے جب ایسا کرنا طبی طور پر خلافِ مصلحت ہو، اُس صورت میں معلومات، مریض کے سرپرست یا نابالغ ہونے کی صورت میں والدین کو یا قانونی طور پر مجاز فرد کو دی جانی چاہیئے")۔

### 4. فیصلہ سازی میں شرکت

I. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ اپنی دیکھ بھال اور علاج کے متعلق فیصلوں میں شریک ہوں، بشمول علاج کروانے سے انکار کا حق (قانون میں اجازت دی گئی حد تک)۔ مریض کی رضامندی یا انکار کو لازمی طور پر مریض کے طبی ریکارڈ میں درج کیا جائے۔

II. مریضوں کو اضافی رائے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔

III. مریضوں کو یہ فیصلہ کرنے کا حق حاصل ہے کہ آیا وہ کلینیکل تربیت اور طبی تحقیق میں حصہ لینا چاہتے ہیں یا نہیں۔

### 5. پردہ داری اور رازداری

I. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ ان کی ذاتی معلومات اور طبی ریکارڈ پردے میں اور رازداری میں رکھے جائیں (فریقِ سوم کو کسی بھی طریقے سے معلومات کا اجراء صرف مریض کی اجازت سے مشروط ہے، ماسوائے سرکاری طور پر درخواست کرنے پر سرکاری حکام کے ساتھ طبی ریکارڈز اور رپورٹوں کا تبادلہ) اور صرف نابالغ ہونے کی صورت میں والدین، سرپرست، براہِ راست دیکھ بھال کرنے والے یا قانونی طور پر مجاز فرد ہی دیکھ سکے۔

II. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ معائنے اور ان کے معاملے پر گفتگو کے دوران وہ خاندان کے ایک فرد کے موجود رہنے کی درخواست کریں یا کسی معاون فرد کو نامزد کریں۔

III. جسمانی معائنے اور علاج کے دوران مریضوں کو پردے اور احترام کا حق حاصل ہے۔

### 6. شکایت اور جوابی رائے

I. مریضوں کو حق حاصل ہے کہ وہ جوابی رائے دیں اور اگر وہ خود کو ملنے والی دیکھ بھال سے مطمئن نہیں ہیں تو، صحت کی دیکھ بھال کے ادارے کی انتظامیہ کو، شکایت کریں، اگر شکایت کا ازالہ نہ ہو تو مریضوں کو حق حاصل ہے کہ وہ GHCC کی جانب سے تحقیقات کرنے کے لیے Fitness to Practice / Department of Healthcare Professions at MOPH کے پاس شکایت دائر کریں۔

II. FTP کو کی گئی کسی بھی شکایت کی مریضوں کو یہ توقع کرنے کا حق حاصل ہے کہ خدمت فراہم کرنے والے یا شعبۂ مکمل طور پر، معروضی طور پر اور مناسب طور پر تحقیقات کی جائیں گی اور نتائج سے مطلع کیا جائے گا۔

## فرائض

فراہم کی جا رہی دیکھ بھال اور / یا علاج کے اعتراف میں مریض ایسی طبی ہدایات جو مریضوں اور ان کے نمائندوں کی جانب سے کچھ ذمہ داریوں کی متقاضی ہیں، کی تعمیل کرنے میں تمام مناسب اقدامات کرنے میں حصہ لینے سے اتفاق کرتے ہیں۔

### 1. دوسروں کے لیے احترام

I. مریضوں کا یہ فرض ہے کہ وہ خدمت فراہم کنندگان، عملے، اور دیگر مریضوں کے ساتھ وقار، عزت اور احترام کے ساتھ پیش آئیں اور فراہم کنندہ کے قوانین اور حفاظتی ضوابط پر عمل کریں۔

II. مریضوں کا فرض ہے کہ دوسروں کی خلوت اور رازداری کا احترام کریں۔

### 2. معلومات

I. مریضوں کا فرض ہے کہ فراہم کنندگان کو، اپنے بہترین علم کے مطابق، اپنی صحت اور طبی پس منظر کے متعلق مکمل اور درست معلومات فراہم کریں، بشمول موجودہ کیفیت، سابقہ بیماریاں، ہسپتال میں داخلے، علاج، اور اپنی صحت کے متعلقہ دیگر کوئی بھی امور۔

II. مریضوں کا فرض ہے کہ اگر انہیں کسی بھی معلومات یا ہدایات اور صحت کی تعلیم، جو انہیں دی گئی ہے، کی سمجھ نہیں آتی تو سوال پوچھیں۔

### 3. علاج کے منصوبوں پر عمل کرنا

I. مریضوں کا فرض ہے کہ اپنے دیکھ بھال کرنے والوں کے ساتھ تعاون کریں اور اپنی دیکھ بھال کے لیے ہدایات پر عمل کریں اور عدم تعمیل کی صورت میں تمام نتائج اور ذمہ داریاں برداشت کریں۔

II. مریض اگر علاج کرنے والے معالج کی منظوری کے بغیر علاج کا مشورہ/تبدیلی اور علاج کا منصوبہ قبول نہ کرنے کا انتخاب کرتے ہیں تو وہ ذاتی ذمہ داری قبول کرتے ہیں۔

III. مریضوں کا فرض ہے کہ وہ علاج/طریقۂ کار کی تمام تر تفصیلات بشمول مضر اثرات، پیچیدگیاں اور ناپسندیدہ اثرات ایک قابلِ فہم زبان میں مہیا کیے جانے کے بعد خود کو فراہم کردہ تمام تر خدمات کے متعلقہ ایک باخبر رضامندی پر دستخط کریں۔

### 4. طے شدہ ملاقاتوں پر پہنچنا

I. طے شدہ ملاقاتوں پر پہنچنا اور اگر وہ کسی بھی وجہ سے حاضر ہونے سے قاصر ہیں تو فراہم کنندگان کو مطلع کرنا مریضوں کا فرض ہے۔

II. جب صحت کی دیکھ بھال کے ادارے میں موجود ہوں تو مریضوں پر لازم ہے کہ تحمل سے اپنی باری کا انتظار کریں تاکہ دیکھ بھال کرنے والے تمام مریضوں کو اپنی بہترین خدمات فراہم کر سکیں۔

### 5. مالی فرائض

I. اپنی دیکھ بھال کے ساتھ متعلقہ تمام مالی فرائض کی بروقت بجا آوری مریضوں پر فرض ہے۔

II. مریضوں کا فرض ہے کہ، اپنے بہترین علم کے مطابق، اپنے علاج کے منصوبے سے منسلک بیمہ کے دعووں کے متعلق مکمل اور درست معلومات فراہم کریں اور ادائیگی کے انتظامات کرنے کے لیے فراہم کنندگان کے ساتھ تعاون کریں۔

Fitness to Practice / Department of Healthcare Professions

لعرض الميثاق بلغات أخرى، يرجى زيارة موقع وزارة الصحة العامة (www.moph.gov.qa)

To view the Bill in other languages, please visit Ministry of Public Health Website (www.moph.gov.qa)

For more enquiries/information or to submit your complaints, please visit the same website or call Ministry of Public Health 44070000.

للاستفسار او للحصول على معلومات إضافية أو عند الرغبة في تقديم شكاوى يمكن زيارة الموقع الإلكتروني المبين اعلاه أو عبر الاتصال ببدالة وزارة الصحة العامة ٤٤٠٧٠٠٠٠.